9810-لڑکی کا والد اس کے مہر کی رقم سے کچھ لینا چاہتا ہے

سوال

ایک لڑکی کی شادی ہونے والی ہے اوراس کے والد نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے مہر سے کچھ والد کو بھی دے تو کیا لڑکی اپنے والد کو مہر میں سے کچھ ادا کردے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

جی ہاں لڑکی کے لیے
اپنے والد کو مہر کی رقم میں سے کچھ دینا جائز ہے ، جبکہ والد کو اس کی ضرورت بھی
ہو تو اس حالت میں اسے دینا افضل ہوگا ، لیکن اگر والد محتاج اور ضرورت مند نہیں تو پھر
اس میں کوئی حرج نہیں کہ جتنا وہ چاہے اپنے والد کو دے اس لیے کہ وہ آزاد ہے اور عقل
ورشد کی مالک ہے اور اپنے مال میں جو چاہے تصرف کر سکتی ہے .